
## 6 بڑی فری لانسنگ ویب سائٹس (freelancing websites) کون سی ہیں؟




ڈایا گرام: فری لانسنگ (freelancing) کے لیے استعمال ہونے والی ویب سائٹس (websites)۔

یوں تو فری لانسنگ (freelancing) میں بڑی سہولت ہے کہ آپ اپنی مرضی سے کام کر سکتے ہیں۔ لیکن اس سے آپ تب ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جب کلائنٹ (client) آپ سے کام کروانے پر رضامند ہو۔ اور اس کے لیے **دو چیزیں** بنیادی اہمیت کی حامل ہیں:

1. کلائنٹ تک پہنچنا۔
2. آنلائن سماجی دائرہ وسیع کرنا۔

اسی زمرے میں ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ **کلائنٹ تک کس طرح پہنچا جائے؟** مزید برآں کلائنٹ کے ساتھ رقم کے لین دین کے حوالے سے حفاظتی اقدامات بھی ضروری ہیں۔

### فری لانسنگ ویب سائٹس(Freelancing Websites):

مندرجہ بالا مسائل کے حل کے لئے انٹرنیٹ پر ایسے پلیٹ فارمز موجود ہیں جو آپ کو متعلقہ سہولیات مہیا کرتے ہیں۔ یہ پلیٹ فارمز **فری لانسنگ ویب سائٹس (freelancing websites)** کہلاتی ہیں۔ ان ویب سائٹس (websites) پر ہر طرح کے لوگ موجود ہوتے ہیں۔ دنیا کے مختلف علاقوں سے شامل ہونے والے ان لوگوں میں **کلائنٹس (clients)** اور **فری لانسرز (freelancers)** دونوں شامل ہیں۔

**کلائنٹ (client)** کی بات کی جائے تو یہ طبقہ انفرادی طور پر کام کرنے والے، ٹیمز، تنظیموں, کمپنیز، اور کاروباری افراد (entrepreneurs) کی شکل میں موجود ہے۔

اسی طرح **فری لانسرز (freelancers)** میں آزاد افراد اور فری لانسنگ کمپنیز شامل ہیں۔ فری لانسرز یہاں کئی اقسام کی خدمات مہیا کرنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ جس میں ویب سائٹس بنانے سے لے کر دعائیں کروانا تک شامل ہے۔ یہاں چھ بڑی ویب سائٹس (websites) کے بارے میں بتایا گیا ہے جو آپ کے فری لانسنگ (freelancing) کیریئر میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

## ٹاپ ٹال (Toptal):

ٹاپ ٹال ایک بڑا فری لانسنگ پلیٹ فارم (freelancing platform) ہے جو دنیا کے قابل 'فری لانسرز' کو بڑی کمپنیز سے ملواتا ہے۔

یہ پہلے کسٹمرز اور فری لانسرز سے خود رابطہ کرتا ہے۔ پھر فری لانسرز کو مختلف طریقوں سے پرکھتا ہے۔ کامیاب ہونے والے لوگوں کی پروفائلز بناتا ہے۔ اور پھر کمپنی کی طرف سے کام آنے کی صورت میں متعلقہ فری لانسرز کے ساتھ رابطہ کروا دیتا ہے۔

اس طرح ٹاپ ٹال کمپنیز کو یہ سہولت دیتا ہے کہ یہاں موجود پیشہ ور افراد دنیا کے ذہین ترین، دیانت دار، اور پیشہ ورانہ مہارت رکھنے والے لوگوں میں سے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کمپنیز اپنی مرضی سے ٹیم بنا سکتی ہیں۔ مزید برآں آسانی سے فری لانسرز کے ساتھ رابطہ کر کے ان کو کام دیا جا سکتا ہے۔

## فری لانسر (Freelancer):

**فری لانسر آسٹریلین** فری لانسنگ پلیٹ فارم (Australian freelancing platform) ہے جہاں بہت سے شعبوں سے **متعلق** لوگ کام کرتے ہیں۔ یہاں کلائنٹس (clients) اور فری لانسرز (freelancers) ایک دوسرے کے ساتھ بلا واسطہ رابطہ قائم کرتے ہیں۔ کسٹمرز اور سیلرز کی پروفائلز الگ الگ ہوتی ہیں۔

**فری لانسر** پر رجسٹر ہوجانے کے بعد لوگ اپنے کام کے مطابق پروفائل بناتے ہیں۔ اس میں اپنی اور اپنے شعبے سے **متعلق معلومات** دیتے ہیں۔ اس کے بعد کسٹمرز اپنے کام کی تفصیل مہیا کرتے ہیں۔ جبکہ سیلر کام کی اس پوسٹ پر **bidding** کرتے ہیں تاکہ کسٹمر سے رابطہ کیا جا سکے۔

اس کے علاوہ فری لانسر پر مختلف **مقابلے** بھی کروائے جاتے ہیں جن میں کئی لوگ شرکت کر کے اپنی سروسز مہیا کرتے ہیں۔ حصّہ لینے والے تمام لوگوں کو رقم دی جاتی ہے۔ جبکہ کسٹمر کو جس کا کام پسند آتا ہے یعنی مقابلہ جیتنے والے کو ٹاسک کے حساب سے رقم دی جاتی ہے۔

## اپ ورک/Upwork:

فری لانسر کی طرح اپ ورک بھی ایسی ویب سائٹ (website) ہے جہاں کئی طرح کے شعبوں سے وابستہ افراد کام کرتے ہیں۔ اس پر بھی کلائنٹس اور فری لانسرز ایک دوسرے کے ساتھ براہِ راست رابطہ کرتے ہیں۔

اپ ورک یہ سہولت مہیا کرتا ہے کہ کسٹمرز فری لانسرز اور فری لانس ایجینسیوں کے **انٹرویو** کرسکیں۔ ایک بار فری لانسر کو منتخب کرنے کے بعد کسٹمر کی جانب سے اس فری لانسر کو **کنٹریکٹ** دیا جاتا ہے جس میں کام کرنے کے **اوقات**، **رقم** اور **آخری تاریخ** درج ہوتی ہے۔

فری لانسر کو جو رقم دی جاتی ہے اس کا **پانچواں حصّہ** اپ ورک کے پاس جاتا ہے۔ اپنے ریکارڈ کے نظام کے باعث اپ ورک نسبتاً زیادہ **محفوظ** ہے۔

## لنکڈان/LinkedIn:

لنکڈان **کاروبار** اور **روزگار** پر مبنی ایک **امریکی** پلیٹ فارم ہے۔ یہ آپ کو اس بات کی سہولت دیتا ہے کہ آپ اپنی **CV** کو اپنی **پروفائل** میں شامل کر سکیں۔ یہاں آپ فری لانسنگ (freelancing) کے ساتھ ساتھ یہ کام بھی کر سکتے ہیں:

1. اپنے کام سے متعلق **پوسٹنگ** کر سکتے ہیں۔
2. آپ متعلقہ اور پسندیدہ **لوگوں** کے ساتھ رابطہ قائم کر سکتے ہیں، **پیجز** کو فالو کر سکتے ہیں، اور **گروپس** کا حصّہ بن سکتے ہیں۔
3. آپ کام تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ **کورسز** بھی **جوائن** کر سکتے ہیں۔
4. کاروباری حضرات **اشتہارات** کے ذریعے اپنی مصنوعات کی تشہیر کر سکتے ہیں۔

مزید برآں یہاں **آنلائن** اور **آفس بیسڈ** دونوں طرح کا کام تلاش کیا جا سکتا ہے۔

## ڈیزائن ہل/Designhill:

یہ ویب سائٹ (website) **ڈیزائننگ (designing)** کے شعبے سے وابستہ لوگوں کے لیے ہے۔ یہ نئے اور چھوٹے کاروبار کے لیے موزوں سمجھی جاتی ہے۔

ڈیزائن ہل کا **انٹرفیس** لوگوں کے لیے کشش کا باعث ہے اور یہ پروڈکٹ کے ڈیزائن پر بھی مثبت اثر ڈالتا ہے۔ ڈیزائن ہل ایسے **ٹولز** کی سہولت بھی مہیا کرتا ہے جن سے ڈیزائننگ کی جاتی ہے۔ محنت اور لگن سے کام کروانے والوں کے **پوائنٹس** میں اضافہ بھی کیا جاتا ہے۔

## پیپل پر آر/PeoplePerHour:

یہ ایک **یو کے بیسڈ** کمپنی ہے۔ اس کو عموماً نئے **کاروبار** کو چلانے کے لیے موزوں جگہ سمجھا جاتا ہے۔ پیپل پر آر اپنی ویب سائٹ پر ایسا **مواد** رکھتی ہے جو فری لانسنگ (freelancing) اور کاروبار سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ مواد یہاں کام کرنے والوں کی **رہنمائی** کرتا ہے۔ یہاں کسٹمرز فری لانس ایجینسیوں کے بجائے فری لانسرز سے خدمات لینے کو ترجیح دیتے ہیں۔

فری لانسنگ ویب سائٹس (freelancing websites) لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے، پیشہ ورانہ کام کو منظّم کرنے، لوگوں کو مالی لحاظ سے تحفظ فراہم کرنے اور لوگوں کی رہنمائی کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ **آپ کون سی فری لانسنگ ویب سائٹس (Freelancing Websites) استعمال کرتے ہیں؟ کس فری لانسنگ ویب سائٹ (freelancing websites) پر آپ کے نزدیک کام کرنا آسان ہے؟**